ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

سیکنڈری کورس

Tutor Marked Assignments

(Secondary Course)

2017 - 2018

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ
وزارت برائے فروغ انسانی وسائل
(حکومت ہند کے تحت ایک خود مختار ادارہ)
A-24-25، انسٹی ٹیوشنل ایریا، سیکٹر 62، نوئیڈا-201309 (اتر پردیش)
Website: www.nios.ac.in, www.nos.org
Toll free No. 18001809393

ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

سیکنڈری کورس

2017-2018

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ
A-24-25، انسٹی ٹیوشنل ایریا، سیکٹر62، نوئیڈا۔201309 (اتر پردیش)
Website: www.nios.ac.in, www.nos.org
Toll free No. 18001809393

ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

اہم ہدایات

عزیز طلبا،

اب آپ نے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ (NIOS) کے سیکنڈری کورس کا مطالعہ شروع کر دیا ہے۔ جیسا کہ آپ پہلے سے ہی جانتے ہیں کہ کامیابی کے ساتھ کورس کی تکمیل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ منصوبہ بند انداز میں مسلسل مطالعہ جاری رکھا جائے۔ ہم نے آپ کے پڑھنے اور کامیاب طالب علم بننے کے لیے امدادی مواد فراہم کرانے کے طور پر کئی ذرائع اور حکمت عملی اختیار کی ہے۔ ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ (TMA) ایک ایسا ہی ذریعہ ہے۔

یہ TMA آپ کی مدد اس طرح کرے گا کہ:

- آپ میں باقاعدہ مطالعہ کرتے رہنے کی عادت پیدا ہو جائے جو آپ کو خود متعلم (self learner) بنانے کے لیے ضروری ہے؛
- آپ مواد مضمون کو بہتر طور پر سمجھ سکیں؛
- آپ کو سوالات کے جواب دینے کی مشق ہو جائے یعنی ایک طریقہ سے فائنل امتحان کے لیے تیاری کی مشق ہو جائے؛
- آپ کو فیڈ بیک حاصل ہو جائے اور آپ کو اپنے ذریعہ دیے جانے والے جوابات کے صحیح ہونے کی تصدیق ہو جائے؛
- آپ نے جس مضمون کو اختیار کیا ہے اس میں اپنی پیش رفت کی جانچ کر سکیں اور آپ کو مضمون کے کسی مواد میں اگر مشکلات در پیش آتی ہیں تو یہ پتہ چل سکے کہ آپ کو مشکلات پر قابو پانے کے لیے کتنی محنت کرنے کی ضرورت ہے؛ اور
- آپ اکریڈیٹیڈ انسٹی ٹیوٹ (AI) پر مضمون کے اساتذہ سے ملاقات کر کے ان سے مناسب رہنمائی حاصل کر سکیں۔

TMAs کے لیے جوابی اسکرپٹ کیسے تیار کی جائے؟

اس کتابچہ میں آپ کو ہر ایک مضمون میں ایک اسائنمنٹ ملے گا۔ آپ کو صرف چنندہ مضامین کے اسائنمنٹ اپنی تحریر میں مکمل کرنے ہیں۔ ایک طرفہ سطر بردار کاغذ پر TMAs کے لیے جواب لکھیں اور اپنے اسٹڈی سینٹر پر اپنے استاد کو سونپ دیں۔

TMA کا فارمیٹ (تیار کرنے کا انداز)

آپ دیکھیں گے کہ TMA دراصل 20 نمبر کا ہوتا ہے۔ سوال نمبر 1، نمبر 2 اور نمبر 3 چھوٹے چھوٹے جوابات والے ہوتے ہیں۔ ہر سوال میں دو۔ دو سوال دیے ہوئے ہیں اور آپ کو صرف ایک سوال کا جواب دینا ہے یعنی 6=2+2+2 مارکس۔ اس طرح سوال نمبر 1، نمبر 2 اور نمبر 3 کے کل نمبر 6 ہوتے ہیں۔

سوال نمبر 4 اور 5 طویل جواب والے سوالات ہیں اور ہر ایک 4 نمبر کا ہے۔ (4+4=8)

سوال نمبر 6 دو پروجیکٹوں پر مشتمل ہوتا ہے جن میں سے ایک پروجیکٹ تیار کرنا ہوتا ہے۔ یہ سوال 6 نمبر کا ہوتا ہے۔

ہر ایک پروجیکٹ ورک کے لیے رہنما خطوط سوال کے ساتھ ہی دیے گئے ہیں۔

TMAs جمع کرنا

سیکنڈری کورس TMAs کو جمع کرنے کا شیڈول دونوں ایڈمیشن بلاک کے لیے ذیل میں دیا گیا ہے:

پبلک امتحان	متعلم کے ذریعہ مرکز مطالعہ پر	متعلقہ مضمون استاد کے ذریعہ طالب علم کو فیڈ بیک (تجویز)
اپریل/مئی	31 جنوری	15 فروری
اکتوبر/ نومبر	31 جولائی	15 اگست

اگر جمع کرنے کی آخری تاریخ کو عوامی چھٹی/ہفتہ/اتوار ہے تو اگلے ورکنگ ڈے کو آخری تاریخ مانا جائے گا۔

ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ کا پورا فائدہ اٹھانے کے لیے برائے کرم درج بالا تاریخ کا خاص خیال رکھیں۔ ٹی ایم اے ان کے لیے لاگو ہوتا ہے جنھوں نے آن لائن کے **اسٹریم 1 میں داخلہ حاصل کیا ہو۔ لہٰذا اسٹریم 1 میں داخل طلبا کے لیے TMA جمع کرنا ضروری ہے۔** انھیں مضمون کے پبلک امتحان میں بیٹھنے سے پہلے جمع کر دینا چاہیے۔ کیونکہ سیکنڈری/سینئر سیکنڈری امتحان میں ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ کے لیے پبلک امتحان میں 20 فیصد نمبر متعین کیے گیے ہیں۔ ان نمبروں کو ہر مضمون کے 20 فیصد نمبر کے سوالنامے والے خارجی پرچۂ امتحان کے ساتھ مارک شیٹ میں الگ سے دکھایا جائے گا۔

ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ کو جمع کرتے وقت اپنے ٹیوٹر سے اس کی رسید لینا نہ بھولیں۔ کتابچے کے آخر میں TMA کتابچہ جمع کرنے کی رسید کا نمونہ دیا گیا ہے۔

منتخب کی گئی تاریخ میں TMA اپنے مرکز پر مضمون کے استاد کو جمع کریں۔ اگر انتظامی اسباب کی بنا پر مرکز مطالعہ کام نہیں کر رہا ہو یا بند کر دیا گیا ہو تو طالب علم متعینہ تاریخوں پر اپنا TMA بک لیٹ متعلقہ علاقائی مرکز پر جمع کرائیں جو قدر شناسی کا عمل انجام دے گا اور امتحان کے نتیجے میں شامل کرنے کے لیے نمبروں کو NIOS کے ہیڈ کوارٹر بھیجے گا۔

ہر ایک تعلیمی سیشن میں مرکز مطالعہ/متعلقہ علاقائی مراکز میں TMA کتابچے کا ایک نیا سیٹ دستیاب کرایا جائے گا۔ اگر آپ ٹی ایم اے کتابچہ نہیں حاصل کر سکے ہیں تو اس ادارے کی ویب سائٹ www.nios.ac.in سے ڈاؤن لوڈ کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔

آپ اپنے حل کیے ہوئے ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ کو دوبارہ غور سے پڑھیے اور اپنی کمیوں یا غلطیوں کی تصحیح کی کوشش درج ذیل طریقوں سے کیجیے۔

- آپ متعلقہ مضمون کے مطالعاتی مواد کو دوبارہ پڑھیے۔
- رابطہ کلاسوں کے وقت ٹیچر کے ذریعہ اپنے شکوک کی وضاحت اور مسائل کا حل نکالیں۔
- مطالعات کے لیے زیادہ وقت دیں۔

ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ کے متعدد فوائد کو دیکھتے ہوئے یہ ممکن ہے کہ آپ کامیاب طالب علم بننے کے لیے اس کا بہتر طور پر استعمال کریں۔

اگر آپ کو اس سلسلہ میں کوئی شبہ ہو یا آپ کی کوئی تجویز ہو تو براہ کرم ہمیں لکھنے میں نہ ہچکچائیں۔

NIOS کے آڈیو۔ ویژول پروگرام

آپ کے لیے مزید تعاون کی ضرورت کو سمجھتے ہوئے NIOS نے "مکت ودیا وانی" کی شکل میں ٹیکنالوجی کے جادو کو آپ کے گھر تک پہنچایا ہے۔ یہ ہماری ویب سائٹ میں ہے جو لائیو PCPs پر رابطہ کا سینٹر ہیں۔ یہ رابطہ پروگرام آپ کے مضامین کے تکمیلی مواد پیش کیے جاتے ہیں۔ "مکت وڈ دیاوانی" میں آپ مضمون سے متعلق ماہرین سے سیدھے بات کرنے کا موقع حاصل کرتے ہیں جس کے ذریعہ مضمون سے متعلق سبھی شکوک کو دور کیا جا سکتا ہے۔ آپ اس کے لیے ٹول فری نمبر 18001802543 پر فون کر سکتے ہیں۔

مضمون کے ماہرین کی کوشش ہوگی کہ وہ آپ کو ہر طرح سے مطمئن کریں۔ آپ 0120-4626949 پر بھی فون کر سکتے ہیں۔ NIOS کی ویب سائٹ پر رابطہ کلاسوں کی نشریات کا متعینہ پروگرام دستیاب ہے۔ آپ وقت نکال کر انہیں اپنی دلچسپی کے مطابق سن سکتے ہیں، انھیں ریکارڈ کر سکتے ہیں یا پہلے سے ریکارڈ کیے گیے پروگرام کو آڈیو آن ڈیمانڈ پر بھی سن سکتے ہیں۔ NIOS کے ویڈیو پروگرام یوٹیوب پر بھی دستیاب ہیں۔

نشریات کا ذریعہ		
مکت وڈ دیاوانی	سنیچر اور اتوار 2.00 دوپہر تا 5.00 بجے شام پیر تا جمعہ 10.30 صبح تا 12.30 دوپہر گزٹیڈ چھٹی میں پیر تا جمعہ 10.30 صبح تا 1.30 دوپہر	ریکارڈ شدہ اور رابطہ کلاسوں (PCP) کا دوبارہ نشریہ 8.00 بجے صبح تا 1.00 دوپہر اور 5.00 بجے تا 8.00 بجے

ہماری نیک خواہشات کے ساتھ

اکیڈمک افسران

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ

فہرست

نمبر شمار	مضمون		صفحہ نمبر
1۔	ریاضی	(211)	1
2۔	سائنس اور ٹیکنالوجی	(212)	3
3۔	سوشل سائنس	(213)	6
4۔	معاشیات	(214)	8
5۔	کاروباری مطالعہ	(215)	10
6۔	ہوم سائنس	(216)	12
7۔	نفسیات	(222)	15
8۔	ہندوستانی ثقافت و وراثت	(223)	18
9۔	اکاؤنٹنسی (کھاتہ داری)	(224)	20
10۔	پینٹنگ	(225)	22
11۔	ڈیٹا انٹری آپریشنز	(229)	24
	اسائنمنٹ جمع کرنے کی رسید		

MATHEMATICS

ریاضی

(211)

ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل نمبر: 20

نوٹ: (i) سبھی سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(ii) جواب کی کاپی کے پہلے صفحہ پر سب سے اوپر اپنا نام، رول نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ درج ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 3

(a) ایک عدد میں پہلے 20% کا اضافہ ہوتا ہے اور پھر 15% کی کمی ہوجاتی ہے۔ عدد میں ہونے والا خالص اضافہ یا کمی فیصد معلوم کیجیے۔

(b) ایک خردہ فروش قمیص بنانے والے سے 200 روپے کی ایک قمیص خریدتا ہے اور اس پر 300 روپے قیمت درج کرتا ہے۔ وہ اس قیمت پر کچھ رعایت کا اعلان کرتا ہے اور قیمت خرید (CP) پر 35% کا نفع حاصل کرتا ہے۔ رعایت کی فیصد معلوم کیجیے۔

2۔ درج ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 3

(a) ایک باکس کعب نما کی شکل کا ہے جس کے ابعاد $30\text{ cm} \times 80\text{ cm} \times 50\text{ cm}$ ہیں۔ اس باکس میں کعب نما کی شکل کے $10\text{ cm} \times 10\text{ cm} \times 6\text{ cm}$ ابعاد والے کتنے پیکٹ رکھے جاسکتے ہیں۔

(b) ایک دکاندار کسی سامان کو 3000 روپے میں خریدتا ہے اور اس کی قیمت 4000 روپے متعین کرتا ہے۔ وہ اپنے گاہک کو کچھ فیصد رعایت دے کر 20% نفع کماتا ہے۔ اس نے گاہک کو کتنے فیصد رعایت دی؟

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 4

(a) ایک مستطیل کی لمبائی اس کی چوڑائی سے 7 m زیادہ ہے۔ اگر اس کا احاطہ 50 m ہے تو مستطیل کی لمبائی اور چوڑائی معلوم کیجیے۔

(b) ایک مینار کے پائے سے اسی مستوی میں واقع 30 m اونچی ایک اور مینار کی چوٹی کا زاویہ ارتفاع $60°$ ہے، اور دوسری مینار کے پائے سے پہلی مینار کی چوٹی کا زاویہ ارتفاع $30°$ ہے۔ دونوں میناروں کے درمیان کا فاصلہ اور پہلی مینار کی اونچائی معلوم کیجیے۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 4

(a) ایک بیرونی نقطہ P سے دو مماسی خطوط PA اور PB ایک ایسے دائرہ پر کھینچے گئے ہیں جس کا مرکز O ہے۔ ثابت کیجیے کہ OP، AB کا عمودی ناصف ہے۔



(b) ایک ٹیلی ویژن 7500 روپے نقد ادائیگی یا 3000 روپے کی فوری نقد ادائیگی اور 1000 روپے ماہانہ کی 5 مساوی قسطوں میں دستیاب ہے۔ اس قسط پلان کے تحت لیے گئے سود کی سالانہ شرح معلوم کیجیے۔

5۔ درج ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) 2017 میں ہونے والے کسی کرکٹ میچ کی بنیاد پر ایک پروجیکٹ رپورٹ تیار کیجیے اور اس میں دونوں ٹیموں کے کھیل کا موازنہ کرنے کے لیے مندرجہ ذیل باتوں کو شامل کیجیے۔

(i) ہر ایک ٹیم کے ذریعے بنائے گئے رن

(ii) ہر ایک ٹیم کا، فی اوور اوسط اسکور

(iii) ہر ایک بلے باز کے رنوں کی شرح

(iv) ہر ایک گیند باز کے رنوں کی شرح

(v) اوسط وکٹ شرح فی اوور

(b) جس علاقے / گاؤں میں آپ رہتے ہیں اس کے 50 کنبوں/ گھروں کی آبادی کا سروے کیجیے۔

(i) کنبوں اور افراد کی تعداد کے لیے مناسب کلاس وقفہ لے کر اعداد وشمار کو ایک جدول کی شکل میں پیش کیجیے۔

(ii) اوسط فیملی سائز معلوم کیجیے اور اعداد وشمار کو ہسٹوگرام کی شکل میں پیش کیجیے۔

(iii) کتنے کنبے اوسط فیملی سائز سے اوپر یا نیچے ہیں۔

SCIENCE AND TECHNOLOGY

سائنس اور ٹیکنالوجی

(212)

ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ (TMA)

کل نمبر: 20

نوٹ: (i) سبھی سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(ii) جواب کی کاپی کے پہلے صفحہ پر سب سے اوپر اپنا نام، رول نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) دی ہوئی شکل فضا (space) میں سفر کرتی ہوئی لہر کو دکھاتی ہے۔ لہر 2s میں نقطہ O سے نقطہ A تک پہنچتی ہے۔

معلوم کیجیے (i) لہر کا تعدد (سرعت) (ii) طول لہر (سبق-18 دیکھیے)



(b) مول کا تصور کیا ہے؟ 45 گرام پانی میں سالمات کی تعداد معلوم کیجیے۔ (سبق-3 دیکھیے)

2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) عبدل کو تیز بخار ہے۔ اس کی والدہ نے سیلسیس تھرمامیٹر سے اس کے جسم کا درجۂ حرارت 39 ڈگری سیلسیس ناپا۔ ڈاکٹر کے پاس جانے سے پہلے وہ اس درجۂ حرارت کی قدر فارینہائٹ پیمانے پر جاننا چاہتی ہے۔ اس درجۂ حرارت کی قدر فارینہائٹ پیمانے پر جاننے میں اس کی مدد کیجیے۔ (سبق-14 دیکھیے)

(b) مندرجہ ذیل تعاملات میں تکسید اور تحویل ہونے والی اشیا کی شناخت کیجیے۔

(i) $Zn(s) + 2AgNO_3(aq) \rightarrow Zn(NO_3))_2\,(aq) + 2Ag(s)$

(ii) $MnO_2(s) + 4HCl(aq) \rightarrow MnCl_2(aq) + Cl_2\,(g) + 2H_2O(l)$ (سبق-4 دیکھیے)

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) ایک بیکٹیریائی خلیہ اور ایک نباتاتی خلیہ کا ڈائیگرام بنایئے۔ ان خلیوں میں صرف ان حصوں کو لیبل کیجیے جو توریثی مادہ (hereditary material) کے حامل ہیں۔ (سبق-21 دیکھیے)

(b) 80 cm لمبائی کی ایلیومینیم چھڑ کو گرم کرنے پر اس کی لمبائی میں 1 mm کا اضافہ ہوجاتا ہے۔ اگر اس چھڑ کا ابتدائی درجۂ حرارت $20°C$ تھا تو آخری درجۂ حرارت کیا ہوگا؟ (دیا ہے: ایلیومینیم کا خطی پھیلاؤ ضریب $25\times10^{-6}/°C$)
(سبق-14 دیکھیے)

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100-150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) کسی شے کی کمیت 25 kg ہے۔ زمین پر نیوٹن اکائی میں اس کا وزن کیا ہوگا؟ اگر اس شے کو کسی ایسے سیارے پر لے جائیں جس کی کمیت زمین کی کمیت کی دوگنی اور نصف قطر زمین کے نصف قطر کا آدھا ہو وہاں اس شے کی کمیت اور وزن کتنا ہوگا؟
(زمین پر g کی قدر $10ms^{-2}$ لیجیے)

(b) ہماری زندگی میں pH کی بہت اہمیت ہے۔ ہمارے جسم میں زیادہ تر بایو کیمیکل تعاملات pH کی ایک چھوٹی سی رینج کے اندر ہی واقع ہوتے ہیں۔ pH میں معمولی سی تبدیلی بھی ان عملوں میں خلل پیدا کر سکتی ہے۔ HCl کے 0.001 مولر محلول کی pH معلوم کیجیے۔ (سبق-18 دیکھیے)

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100-150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) حیوانات میں تین قسم کے عضلاتی بافت ہوتے ہیں۔ بازوؤں میں دھاری دار، معدہ کے استر میں غیر دھاری دار اور دل میں قلبی عضلات۔ ان عضلاتی بافتوں کی ان خصوصیات کا تذکرہ کیجیے جو مذکورہ مقامات پر ان کی موجودگی کو حق بجانب ٹھہراتی ہیں۔ (سبق-21 دیکھیے)

(b) ایک مستقیم تار AB کو ایک قوی مقناطیس کے قطبین کے درمیان تانا گیا ہے جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔ تار کو کنجی سے ہوتے ہوئے ایک بیٹری سے منسلک کیا گیا ہے۔ کنجی میں پلگ لگانے پر کیا ہوگا؟ آپ نے جس قاعدے/ اصول کا استعمال کیا ہے اس کا نام لکھیے اور اسے بیان کیجیے۔ کیا ہوگا اگر (i) بیٹری کے ٹرمنلوں کو الٹ دیا جائے (ii) مقناطیس کے قطبین کو الٹ دیا جائے۔ (سبق-17 دیکھیے)



6۔ درج ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) ایسی پرانی میگزین اور اخبارات جمع کیجیے جن میں عالمی حدت (گلوبل وارمنگ) اور آب و ہوا میں تبدیلی سے متعلق خبریں اور مضامین شائع ہوئے ہوں۔

سبھی متعلقہ مواد کی کٹنگ جمع کیجیے اور ان سے اسکریپ بک یا کولاج تیار کیجیے یا انھیں چارٹ پیپر میں چسپاں کیجیے۔ آپ انھیں اسکین کرکے پاور پوائنٹ پریزینٹیشن بھی بنا سکتے ہیں۔ مواد کی درجہ بندی کرکے اسے مندرجہ ذیل طریقہ سے پیش کیجیے۔

(i) گلوبل وارمنگ اور آب وہوا کی تبدیلی کیا ہے؟

(ii) گلوبل وارمنگ اور آب وہوا کی تبدیلی کو متاثر کرنے والے عوامل کون کون سے ہیں؟

(iiii) گلوبل وارمنگ اور آب وہوا کی تبدیلی کے جاندار اور بے جان چیزوں پر پڑنے والے اثرات

(iv) دنیا کے مختلف حصوں میں رونما ہونے والی حالیہ آفات سے حاصل ہونے والے ثبوت

(v) مختلف ممالک کے ذریعے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی لانے کی کوششیں

(vi) گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے میں بین الاقوامی قراردادوں (مثلاً کیوٹو پروٹوکال وغیرہ) کا کردار

(b) ہمارے اطراف میں رونما ہونے والے کیمیائی تعاملات کی معلومات ہمارے لیے ضروری ہے۔ طالب علم کو چاہیے کہ وہ آس پڑوس سے مندرجہ ذیل چیزوں کو جمع کرے اور نیچے دیے ہوئے کام کو انجام دے۔

لوہے کی کیلیں، $CuSO_4$، سوڈیم (Na)، میگنیشیم (Mg)، سلفر (S)، فاسفورس (P)

(i) $CuSO_4$ کے محلول میں لوہے کی کیل ڈالیے۔ $CuSO_4$ کا رنگ کیوں غائب ہو جاتا ہے؟

(ii) بھاپ، ٹھنڈے اور گرم پانی کے ساتھ آئرن (لوہے) کس طرح تعامل کرتا ہے؟

(iii) Na ٹھنڈے پانی کے ساتھ کس طرح تعامل کرتا ہے؟

(iv) Mg ٹھنڈے اور گرم پانی کے ساتھ کس طرح تعامل کرتا ہے؟

(v) آئرن، Mg، Na کو ان کی تعاملیت کی بڑھتی ہوئی ترتیب میں لکھیے۔

(vi) دھات اور غیر دھات کی فہرست بنائیے۔

SOCIAL SCIENCE

سوشل سائنس

(213)

ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل نمبر 20

نوٹ: (i) تمام سوال لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے لکھ دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابات کی کاپی کے پہلے صفحہ پر اوپر کی جانب اپنا نام، اندراج نمبر، مرکز مطالعہ اور مضموں کا نام صاف لفظوں میں لکھیں۔

-1 کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھیے۔ 2

(a) کوئی دو ایسے عمل بتائیے جنھوں نے ابتدائی انسانوں کو آج کے انسانوں سے الگ کیا ہے؟ (سبق نمبر 0)

(b) وسطی ہندوستان کے دو مادی باقیات کی نشاندہی کیجیے اور یہ وضاحت کیجیے کہ آپ ان کی مدد سے کس طرح اس دور کی تاریخ کو سمجھ سکتے ہیں۔ (دیکھیے سبق 2)

-2 مندرجہ ذیل میں سے کس ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھیے۔ 2

(a) اگر چہ مشرقی ہندوستان اور مغربی ہندوستان طبیعی جغرافیہ کے اعتبار سے ایک دوسرے سے مختلف ہیں پھر بھی ان کی اپنی خصوصیات ہیں۔ کوئی دو نکات بیان کیجیے۔ (دیکھیے سبق 9)

(b) آپ جس علاقے میں رہتے ہیں وہاں عالمی حدت کے دو اثرات کا بیان کیجیے اور مثالیں بھی لکھیے۔ (دیکھیے سبق 10)

-3 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھیے۔ 2

(a) ''تمہید (Preamble) میں مذکور اقدار کو اکثر دستور کے مقاصد کے طور پر ظاہر کیا جاتا ہے'' ایسا کیے جانے کی کوئی دو مناسب دلیلیں دیجیے۔ (دیکھیے سبق 15)

(b) ''تہترویں اور چوہترویں ترمیمات نے خواتین کو با اختیار بنانے کا راستہ ہموار کیا'' تشریح کیجیے۔ (دیکھیے سبق 18)

-4 مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں لکھیے۔ 4

(a) حجری دور سے کانسہ کے دور کی طرف بڑھتے ہوئے انسانی زندگی میں تبدیلیاں آگئیں۔ اس کے چار عوامل لکھیے اور وضاحت کیجیے کہ کس طرح ان عوامل نے لوگوں کی زندگی میں سدھار لانے میں مدد کی۔ (دیکھیے سبق 1)

(b) ''علاقائیت کو ہندوستان کی قومی یکجہتی کے لیے سب سے بڑا چیلنج خیال کیا جاتا ہے''، لیکن کبھی کبھی یہ سوچ معقول بھی لگتی ہے۔ اس قول کے حق میں دو مناسب دلیلیں لکھیے۔ (دیکھیے سبق 24)

-5 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں لکھیے۔ 4

(a) مختلف عوامل کی وجہ سے دریائی پانی آلودہ ہوتا جا رہا ہے۔ پانی کی آلودگی کو کم کرنے کے لیے آپ اپنی طرف سے کون کون سے قدم اٹھائیں گے۔

(b) ایسے دو مسئلوں کی نشاندہی کیجیے جن کو آپ آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کے راستے میں رکاوٹ سمجھتے ہیں (دیکھیے سبق 22)

-6 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) دو بچوں والی ایک عورت گاؤں میں گھریلو مددگار کی حیثیت سے کام کرتی ہے۔ وہ اپنے بچوں کو تعلیم دلانا چاہتی ہے لیکن ناکام رہتی ہے۔ گاؤں کے سرپنچ کے دفتر جائیے اور لازمی مفت تعلیم کی پالیسیوں اور مختلف پروگراموں کے بارے میں معلومات حاصل کیجیے۔ سرپنچ کے کے دفتر سے حاصل شدہ معلومات کی بنیاد پر ایک رپورٹ تیار کیجیے اور ایسے طریقوں کی نشاندہی کیجیے جن کو اختیار کر کے سرپنچ کا دفتر بچوں کی تعلیم کا بندوبست کر سکے۔

(b) اپنے گاؤں یا شہر یا اس مقامی علاقے میں جہاں آپ رہتے ہوں بیس گھروں کا سروے کیجیے۔ عمر کے لحاظ سے تین گروپوں میں جنسی تناسب معلوم کرنے کی کوشش کیجیے۔ یہ سروے درج ذیل فارمیٹ میں انجام دیجیے۔

نمبر شمار	خاص عمر کے گروپ (سال)	مردوں کی تعداد	عورتوں کی تعداد	مرد عورت کا فیصد تناسب	جنسی تناسب
1	0 - 14				
2	15 - 59				
3	60 +				

جدول سے حاصل شدہ معلومات کی بنیاد پر عمر کے گروپوں کے مطابق جنسی تناسب معلوم کیجیے عمر کے ان گروپوں کے جنسی تناسب کا کیا رجحان ہے؟ کیا یہ گر رہا ہے یا بڑھ رہا ہے۔ ڈاٹا پر مبنی تناسب کی حالت پر ایک رپورٹ تیار کیجیے۔ سماج کے اوپر اس معلومات کا کیا اثر ہو سکتا ہے؟

ECONOMICS

معاشیات

(214)

ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل نمبر 20

نوٹ: (i) تمام سوال لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے لکھ دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابات کی کاپی کے پہلے صفحہ کے اوپر کی جانب اپنا نام، اندراج نمبر، مرکز مطالعہ اور مضموں کا نام صاف لفظوں میں لکھیں۔

-1 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں لکھیے۔ 2

(a) موجودہ ضرورتیں مستقبل کی ضرورتوں سے زیادہ اہم ہوتی ہیں۔ اپنی روزمرہ زندگی سے ایک مناسب مثال کی مدد سے ان بیانات کا جواز ثابت کیجیے۔ (سبق۔2 دیکھیں)

(b) ہندوستانی معشیت کی دو خصوصیات کی وضاحت کیجیے جن کی بنیاد پر آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہندوستانی معیشت ایک مخلوط معیشت ہے۔ (سبق۔4 دیکھیں)

-2 درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب 40 تا 60 لفظوں میں دیجیے۔ 2

(a) سوشلسٹ معیشت میں نابرابریوں میں کمی کس طرح کی جاتی ہے؟

(b) ایک مناسب مثال کی مدد سے سمجھایئے کہ قلت اور پسند ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ (سبق۔ 5 دیکھیں)

-3 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 تا 60 الفاظ میں دیجے۔ 2

(a) معیشت کے دو مرکزی مسائل کے نام لکھیے۔ (سبق۔5 دیکھیں)

(b) اشیا اور خدمات میں کیا فرق ہے؟

-4 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 150-100 لفظوں میں دیجیے۔ 4

(a) صارف اشیا اور پروڈیوسر اشیا کی درجہ بندی کس بنیاد پر ہوتی ہے؟ اپنی روزمرہ زندگی سے صارف اشیا اور پیدا کار (پروڈیوسر) اشیا کی کم سے کم دو مثالیں دیجے۔ (سبق۔3 دیکھیں)

(b) معیشت کی چار خصوصیات لکھیے۔ (سبق 4 دیکھیں)

5- درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100-150 لفظوں میں دیجیے۔

(a) واحد استعمال اور پائیدار استعمال اشیا کے درمیان فرق کیجیے۔

(b) محنت کی پیداواریت میں اضافہ کیسے کیا جاسکتا ہے؟ (سبق۔6 دیکھیں)

6- مندرجہ ذیل میں کسی ایک پر پروجیکٹ بنائیے۔ (سبق۔2 دیکھیں)

(a) اپنی ضرورت کی اشیا کی فہرست بنائیے۔اس کو بنانے میں معیشت کا مطالعہ کس طرح فائدہ مند ہوگا؟ تشریح کیجیے۔ (سبق۔2 دیکھیں)

(b) دس مختلف قسم کی اشیا لیجیے اور ''بلا اجرت اشیا معاشی اشیا' صارف اشیا'' اور نجی اور سرکاری اشیا میں درجہ بندی کیجیے۔ (سبق۔3 دیکھیں)

BUSINESS STUDY

کاروباری مطالعہ

(215)

ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل نمبر: 20

(نوٹ):۔ i) تمام ہی سوالات لازمی ہیں۔ ہر ایک سوال کے سامنے اس کے نمبر درج کر دیے گئے ہیں۔

ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحہ پر اوپر کی جانب اپنا نام، اندراج نمبر، مرکز مطالعہ نام اور مضمون کا نام ضرور تحریر کریں۔

-1 مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک کا جواب 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ (2)

(a) معاشی مشغلہ کی وضاحت کیجیے۔ (ملاحظہ ہو سبق۔1)

(b) ایک شخص نے اپنے گاؤں کے ہی ایک کسان سے ۲ کوئنٹل چاول خرید کر قریبی شہر کی منڈی میں فروخت کر دیے۔ اس طرح اس نے 1000 روپے بطور منافع کما لیے۔ کیا آپ اسے کاروبار کہیں گے، اگر یہ کاروبار ہے تو وجہ بتائیے اور اگر نہیں ہے تو بھی وجوہات بتائیے۔ (ملاحظہ ہو سبق-1)

-2 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ (2)

(a) صنعتی اکائیوں سے عموماً فضلہ اور گاد خارج ہوتے رہتے ہیں۔ یہ فضلے آلودگی کا سبب کب بنتے ہیں؟ آلودگی کی صرف یہی ایک وجہ ہے؟ اگر نہیں تو پھر بتائیے کہ اور کون کونسے وسیلے آبی آلودگی پیدا کر سکتے ہیں؟ (ملاحظہ ہو سبق۔1)

(b) مشترک سرمائے کی کمپنی (Joint stock company) کے فائدے بیان کیجیے۔ (سبق۔4 ملاحظہ کریں)

-3 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ (2)

(a) کاروباری تنظیم کی تنہا ملکیت (Lone proprietorship) کی حدود کیا ہیں؟ (ملاحظہ ہو سبق۔3)

(b) مشترکہ ہندو کنبہ کی تجارت (کاروبار) کی کوئی دو نمایاں خصوصیات (Features) بیان کیجیے۔ (ملاحظہ ہو سبق۔3)

-4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100-150 الفاظ میں دیجیے۔ (4)

(a) کثیر قومی کارپوریشنوں کے چار فائدے بیان کیجیے۔ (ملاحظہ ہو سبق۔4)

(b) کسی گاؤں کے کسان پھل اور سبزیاں اگاتے ہیں۔ان کی اس پیداوار کو بازار میں انفرادی طور پر فروخت کرنا بڑا مشکل ہے۔کسی نے انھیں مشورہ دیا کہ وہ اپنی پیداوار کو فروخت کرنے کے لیے متحد ہو جائیں۔اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے تنظیم کی کونسی شکل بہتر ثابت ہوگی۔اس قسم کی تنظیم کے کوئی تین فائدے بیان کیجیے۔ (ملاحظہ ہو سبق۔4)

-5 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 150-100 الفاظ میں بینا کیجیے۔ (4)

(a) معاشی اور غیر معاشی مشغلوں کا فرق واضح کیجیے۔ (ملاحظہ ہو سبق۔1)

(b) آپ اس حقیقت سے واقف ہیں کہ دریائے گنگا ہندوستان کے سب سے آلودہ دریاؤں میں سے ایک ہے۔اسے آلودگی سے نجات دلانے کے لیے آپ کون سے چار طریقے تجویز کریں گے۔ (ملاحظہ ہو سبق۔1)

-6 مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔

(a) اپنے آس پاس کے دس کامگاروں کا پتہ لگائیں اور دیکھیں کہ وہ روزی کمانے کے لیے کیا کرتے ہیں۔انھیں کاروباری (Business)، پیشہ ور (Professional) اور باروزگار (Employment) زمروں میں درجہ بند کیجیے۔
(ملاحظہ ہو سبق۔1)

(b) آپ کسی فرم میں بطور ایک شریک کے جو کاروبار چلا رہے ہیں اسے بڑھانے کے لیے آپ کے سامنے بے حد مواقع موجود ہیں۔کسی شخص نے آپ کو مشورہ دیا کہ آپ ایک مشترک سرمائے کی کمپنی تشکیل دے لیں۔ایسا کرنے سے آپ کو جو فائدے ہوں گے ان میں سے تین فائدے اور جو دشواریاں پیش آئیں گی ان میں سے تین دشواریاں بیان کیجیے۔
(ملاحظہ ہو سبق۔4)

HOME SCIENCE

ہوم سائنس

(216)

ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل نمبر 20

نوٹ: (i) تمام سوال لازمی ہیں۔سوالوں کے نمبران کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) اپنی جوابات کی کاپی کے پہلے صفحہ پر اوپر کی جانب اپنا نام، اندراج نمبر، مرکز مطالعہ اور مضمون کا نام صاف لفظوں میں لکھیے۔

-1 مندرجہ ذیل سے کسی ایک کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھیے۔ 2

(a) ثانوی سطح پر ہوم سائنس پڑھنے کے بعد کریر بنانے کے لیے گھر سے باہر کون سے چھ متبادل (Option) آپ ڈھونڈ سکتے ہیں۔ (دیکھیے سبق 1)

(b) عمدہ کیک بنانے کے لیے اکثر روشنی کی تعریف کی جاتی ہے۔ہوم سائنس پڑھ کر اس کے اندر خود اعتمادی پیدا ہوئی اور اس نے کیک کا خود اپنا کاروبار شروع کرنے کا ارادہ کیا۔اس کو کن وسائل کی ضرورت ہوگی اور وہ انتظام وانصرام کے طریقۂ کار کو کس طرح انجام دے گی۔ (دیکھیے سبق، 15,14,4)

-2 مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک سوال 40 سے 60 لفظوں میں کیجیے۔ 2

(a) ہری پتیوں والی سبزیوں میں کون سے تغذیہ بخش اجزا (Nutriauts) پائے جاتے ہیں۔ان غذاؤں کو پکاتے وقت، تغذیہ بخش اجزا کی حفاظت کے لیے آپ کون سے چار احتیاطی طریقے اپنائیں گے؟ (سبق 4,2)

(b) گرمیوں کے موسم میں موتی جھرے (ٹائیفائڈ) کے حملے سے بچنے کے لیے آپ کون سی چار احتیاطی تدبیریں اپنائیں گے۔ اس بیماری کا صحت پر کیا اثر پڑتا ہے۔آبی آلودگی روکنے کے چار طریقے بھی بتائیے۔ (دیکھیے سبق 8,7,6)

-3 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھیے۔ 2

(a) ڈویلپمینٹ (ترقی) کے کوئی چار اصول بتائیے جن سے ایک ماں اپنے چار سال کے بچے کے مناسب ڈویلپمینٹ کے بارے میں پتہ کر سکے۔ (دیکھیے سبق 19)

(b) ایک تین سال اور ایک تیرہ سال کی لڑکی میں ترقی (ڈویلپمینٹ) کے کون سے چار اصولوں میں نمایاں فرق نظر آیا۔

(دیکھیے سبق 20,19)

-4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجیے۔ 4

(a) آپ کی ماں نے آپ کو روزانہ غسلخانہ اور باورچی خانہ کو صاف کرنے کی ذمہ داری دی ہے۔ اس پس منظر میں مندرجہ ذیل کا جواب دیں۔

(i) دونوں مقامات کا سنک کیسے صاف کریں گے۔

(ii) دونوں جگہ بجلی اور ہوا کی کیا اہمیت ہے۔

(iii) گندے پانی کے نکاس کے لیے آپ کیا کریں گی

(iv) غسلخانہ میں کسی کے گرنے پر آپ کیا فرسٹ ایڈ دیں گی (دیکھیے سبق 13,12)

(b) آپ کا چھوٹا بھائی پہاڑی علاقے میں ہوسٹل میں جا رہا ہے۔ اس سیاق وسباق میں آپ مندرجہ ذیل کے لیے کن باتوں کو دھیان میں رکھیں گے

(i) اس کی یونیفارم کے کپڑے اور اس کی فنشنگ کے انتخاب پر

(ii) کچھ دن چلنے والی غذائی اشیا کے انتخاب پر

(iii) ہوسٹل میں اسٹڈیز کے لیے روپیہ پیسے کے انتظام پر

(iv) اس کے لیے کچھ اخلاقی ضابطوں پر (دیکھیے سبق 21,16,11,10,5)

-5 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجیے۔ 4

(a) سنجے کے خاندان میں چھے لوگ ہیں جو تین پیڑھیوں (نسلوں) کے ہیں۔ اس صورت میں مندرجہ ذیل پر تبصرہ کیجیے۔

(i) اس کی بیوی مونا خاندان کے ہر شخص کی غذائی ضرورت کیسے پوری کرے گی

(ii) ان کے دوسال کے بیٹوں کو کون سی دو بوسٹر خوراکیں دینی ہے

(iii) اسکول میں ان کی چار سال کی بیٹی کون سی دو حرکی حرکتیں سیکھے گی؟

(iv) سنجے اپنے دفتر میں کون سی اقدار کو پورا کرے گا۔

(v) پریشر ککر خریدنے پر نقصان کے بعد سنجے کیا کیا کر سکتا ہے

(vi) خاندان کے رشتے مضبوط کرنے کے لیے بزرگ میاں بیوی کیا کریں گے۔

(vii) بچوں کی حفاظت کے لیے مونا ڈرائنگ روم میں کون سی دو چیزوں کا انتظام کرے گی۔

(viii) صبح کو باورچخانہ میں کام کرتے وقت مونا کون سے دو کام ایک ساتھ کرے گی (دیکھیے سبق 22,21,19,8,7,3)

(b) منوج کو کل اکیلے شادی میں جانا ہے۔ وہ مندرجہ ذیل کی تیاری کیسے کرے گا۔

(i) ڈینم پینٹ اور پولیسٹر کی قمیص کو دھونا

(ii) اب سے 24 گھنٹے کا منصوبہ جس میں آفس جانا اور جانے کی تیاری شامل ہے۔

(iii) نوجوان کو اس وقت کیا خوشی اور کیا خوف ہو سکتا ہے۔

(iv) گھر چھوڑنے سے پہلے کن نکات پر دھیان رکھ سکتا ہے۔ (سبق 20,15,9)

-6 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) بازار جائیے اور نیچے لکھی باتوں کی معلومات حاصل کر کے رپورٹ تیار کیجیے۔

(i) کوئی آٹھ پھلوں کے پیکٹوں کے لیبل پر لکھی معلومات حاصل کیجیے اور کوالٹی کی بنیاد پر ان کا موازنہ کیجیے۔

(ii) سلبھ شوچالیہ یا عوامی ٹوائلٹ کا پتہ لگائیے، ان کی صفائی ستھرائی کے بارے میں تفصیل سے لکھے اور بتائیے کہ ان کو کس قسم کا سسٹم اپنانا چاہیئے۔

(b) اپنے کسی پڑوسی کے گھر جائیے اور مندرجہ ذیل باتوں کی جانکاری حاصل کر کے رپورٹ تیار کیجیے۔

(i) پچھلے 24 گھنٹوں میں کھائی جانے والی اشیا کے بارے میں لکھیے اور ان کے تغذیہ بخش اجزا پکانے کے طریقوں کو بھی بتائیے۔

(ii) ان کے گھر میں حفاظت کے کون سے آٹھ طریقے ہیں اور کون سے چار طریقوں کی کمی ہے یا ان سے کیا نقصان ہو سکتا ہے اور انھیں سدھارنے کے لیے کیا کرنا چاہیے۔

PSYCHOLOGY

نفسیات

(222)

ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل نمبر: 20

نوٹ: (i) سبھی سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(ii) جواب کی کاپی کے پہلے صفحہ پر سب سے اوپر اپنا نام، رول نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

-1 درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 سے 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) مناسب مثالوں کی مدد سے ضرورتوں اور محرکات پر ہونے والے ثقافت اور ماحول کے اثرات کا بیان کیجیے۔ (سبق۔8 دیکھیں)

(b) ضعیفی میں طویل اور صحت مند زندگی گزارنے کے لیے کوئی چار مؤثر تدابیر تجویز کیجیے۔ (سبق۔8 دیکھیں)

(c) کلاسیکل التزام (Conditioning) کی ایک مثال دیجیے۔ (سبق۔12 دیکھیں)

(d) یادداشت کو بڑھانے کی کوئی دو تدبیر بتائیے۔ (سبق۔4 دیکھیں)

-2 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) آپ انسانی برتاؤ پر ٹیلی ویژن کے اثر کا مطالعہ کرنا چاہتے ہیں۔ اس اثر کا مطالعہ کرنے کے لیے دس سوالوں کا ایک سوالنامہ تیار کیجیے۔ (سبق۔2 دیکھیں)

(b) ایک شخص جس کی ذہنی عمر 10 سال اور تاریخ عمر 9 سال ہے۔ اس کی قدر ذہانت (آئی کیو-IQ) معلوم کیجیے۔ (سبق۔12 دیکھیں)

(c) ایک پیشے/کام کے لیے چار عمومی مطلوبہ ضرورتوں کی تجویز پیش کیجیے۔ (سبق۔20 دیکھیں)

(d) سماج میں جہیز کے مسائل کے بارے میں بتائیے۔ (سبق۔16 دیکھیں)

-3 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) ایک کامیاب لیڈر بننے کے لیے آپ خود میں کن خصوصیات کو فروغ دینے کی کوشش کریں گے؟ کوئی چار ایسی خصوصیات بتائیے۔ (سبق۔13 دیکھیں)

(b) کوئی فرد کس طرح پرسکون ذہن اور صحت مندانہ زندگی کو حاصل کر سکتا ہے؟ دو تجویز میں پیش کیجیے۔ (سبق۔27 دیکھیں)

(c) ایک مؤثر ترسیل میں کن خصوصیات کا ہونا آپ اہم مانتے ہیں، کسی چار کی پہچان کیجیے۔ (سبق۔14 دیکھیں)

(d) کسی تنظیم کے ماحول میں سرمایہ کاری کی کوئی دو مثال دیجیے۔ (سبق۔22 دیکھیں)

-4 درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) ''انسانی برتاؤ اور نفسیاتی عمل کو سمجھنے کے لیے سائنسی ساز و سامان کا استعمال کیا جاتا ہے۔'' مثال کے ساتھ تشریح کیجیے۔ (سبق۔2 دیکھیں)

(b) اچھے کریر (پیشہ) کے انتخاب کے لیے کنہی چار مراحل کو تجویز کیجیے۔

(c) اگر آپ کام کے مقام پر درج ذیل قسم کی طرز قیادت کو اختیار کرتے ہیں تو ملازمین کے ساتھ آپ کا رشتہ کیسا ہوگا: (سبق۔22 دیکھیں)

(i) تحکم پسندانہ

(ii) پدرارنہ

(iii) مشاورتی

(iv) شرکتی

(d) اپنی روزمرہ کی زندگی میں نفسیات کے کسی چار اطلاقوں کی تجویز پیش کیجیے۔ (سبق۔1 دیکھیں)

-5 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) لوگوں میں تعلیم کے بارے میں بیداری پیدا کرنے اور اسکول چھوڑنے کو روکنے کے چار طریقے تجویز کیجیے۔ (سبق۔16 دیکھیں)

(b) رویے کی تشکیل کے درج ذیل طریقوں کی ایک ایک مثال دیجیے۔ (سبق۔15 دیکھیں)

(i) سیدھا رابطہ

(ii) مشاہداتی آموزش

(iii) دوسروں کے ساتھ تعامل

(iv) براہِ راست ہدایت

(c) ''مثبت جذبات ہمیں اچھا محسوس کراتے ہیں اور سکون دیتے ہیں۔'' ہم مثبت جذبات کو کیسے بڑھا سکتے ہیں؟ طریقے بتائیے۔ (سبق۔17 دیکھیں)

(d) ماحول پر انسانی برتاؤ کے خراب نتائج کی تشریح کیجیے۔ایسی رویہ جاتی اصلاحات تجویز کیجیے جو پائدار ترقی کو یقینی بنا سکتی ہوں (سبق۔23)

-6 درج ذیل دو پروجیکٹوں میں سے کسی ایک پر پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) کسی ادارے میں جا کر اس کی پیداواریت اور عمدگی کو بڑھانے کی حکمت عملیوں کا مطالعہ کر کے 200 لفظوں میں ایک رپورٹ کیجیے۔

(b) کسی ایک کاروباری کا انٹرویو کیجیے:(a) انجنیر (b) ڈاکٹر (c) مدرس (d) وکیل۔ان کی ملازمت کی مطلوبہ اہلیت کے بارے میں معلومات اکٹھی کیجیے۔مثال کے لیے (i) عمر (ii) جنس (iii) جسمانی اور (iv) تربیت سے متعلق معلومات

INDIAN CULTURE AND HERITAGE

(223)

ہندوستانی ثقافت اور وراثت

ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل نمبر : 20

نوٹ: (i) تمام سوالات لازمی ہیں، ہر ایک سوال کے سامنے اس کے نمبر درج کر دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحہ پر اوپر کی جانب اپنا نام، اندراج نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون کا نام تحریر کریں۔

-1 درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 میں دیجیے۔ 2

(a) قدیم ہندوستان میں چول کے دور حکمرانی میں مندروں میں فن تعمیر کے مختلف طرز کون سے تھے؟ حکمرانوں کے ذریعہ بنائے گئے مندروں کی فہرست بنائیے۔ (سبق 3 دیکھیں)

(b) ہندوستان میں جین اور بودھ مذہب کے ظہور کے کوئی سے دو اسباب کا تجزیہ کیجیے۔ (سبق 3 دیکھیں)

-2 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) کن ہی چار ایسے مذہبی رسم و رواج یا تیوہاروں کے نام بتائیے جو وقت کے مطابق خود کو تبدیل کرتے ہوئے قدیم دور سے چلے آرہے ہیں اور آج بھی ہم انہیں جانتے ہیں۔ (سبق 6 دیکھیں)

(b) عہد وسطی کے ہندوستان میں سڑکوں کے تعمیری کام میں شیر شاہ سوری کا اہم تعاون کیا ہے؟ (سبق 6 دیکھیں)

-3 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) جدید ہندوستان میں سماجی اور مذہبی اصلاح کی تحریکوں کے کردار کا جائزہ لیجیے۔ (سبق 5 دیکھیں)

(b) ہندوستانی جدوجہد آزادی میں ذات پات کے نظام کے خلاف جدوجہد کیوں اہم تھی؟ (سبق 5 دیکھیں)

-4 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) ہندوستان کی نوجوان نسل کے لیے تاریخ کا مطالعہ / فہم کی اہمیت کا جواز پیش کیجئے۔ (سبق 3 دیکھیں)

(b) دہلی سلطنت کے تحت لوگوں کی زندگی کس طرح کی تھی۔ (سبق 6 دیکھیں)

-5 درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) جدید ہندوستان کی بیداری میں راجہ رام موہن رائے کا کیا کردار تھا؟ (سبق 5 دیکھیں)

(b) پرنٹنگ پریس (چھپائی خانہ) ہندوستانیوں میں قوم پرستی کے خیالات کو پھیلانے میں کیسے کارگر ثابت ہوا؟ (سبق 5 دیکھیں)

-6 درج ذیل پروجیکٹوں میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) لوک رقص مختلف شکلوں میں تقریباً پورے ملک میں پائے جاتے ہیں، کسی بھی لوک رقص جیسے گھومر، بھانگڑا، بیہو وغیرہ کے بارے میں انٹرنیٹ یا اپنے ماں باپ یا اپنے خاندان یا پردیس کے کسی بزرگ سے تذکرہ کر کے درج ذیل معلومات حاصل کیجیے۔ (سبق 6 دیکھیں)

(i) یہ لوک رقص کن علاقوں میں رائج ہے؟

(ii) یہ لوک رقص کن مواقع پر کیا جاتا ہے؟

(iii) یہ لوک رقص دیگر رقصوں سے کس طرح مختلف ہے؟

(b) ایک رپورٹ تیار کیجیے۔

عہد وسطیٰ کے ہندوستان میں دو اہم مذاہب کی آمد ہوئی جیسے اسلام اور سکھ مذہب، انہوں نے ہمارے سماج پر بہت اثر ڈالا اسی حقیقت کو ذہن میں رکھ کر ایک رپورٹ تیار کیجیے جس میں آپ ان مذاہب کی کسی چھ تعلیمات کے بارے میں لکھئے۔ اسی کے ساتھ ان کے مشہور مذہبی مقامات کے بارے میں کچھ مخصوص معلومات دیجئے۔ (سبق 6 دیکھیں)

ACCOUNTANCY
اکاؤنٹینسی
(224)
ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل نمبر 20

نوٹ: (i) تمام سوالات لازمی ہیں، ہر ایک سوال کے سامنے اس کے نمبر درج کر دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحہ پر اوپر کی جانب اپنا نام، اندراج نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون کا نام تحریر کریں۔

1 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40/60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) ٹرائل بیلینس (Trial Balance) سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ (ملاحظہ ہو سبق 11)

(b) کیش بک (Cash Book) یا نقد بہی کی اقسام (Types) بیان کیجیے۔ (ملاحظہ ہو سبق 7)

2 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40/60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) مندرجہ ذیل لین دین کو پیٹی کیش بک (Petty Cash Book) درج کیجیے۔ (ملاحظہ ہو سبق 7)

پیشگی رقم (Imprest amount) 5000 روپیے ہے۔

تاریخ : 2017

اگست 1	چپراسی کی تنخواہ	2800
اگست 3	پنسل اور پین	140
اگست 5	ڈاک ٹکٹ	500
اگست 10	ٹیلی فون کے اخراجات	410

(b) کھاتہ نویسی (Book Keeping) اور فن حساب داری (Accountancy) کا فرق بتائیے۔ (ملاحظہ ہو سبق 1)

3 مندرجہ ذیل میں کے کسی ایک سوال کا جواب (40/60) الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) کاروباری اکائی کے تصور (Business Entity Concept) کو بیان کیجیے۔ (ملاحظہ ہو سبق 2)

(b) روزنامچہ (Journal) کی تشکیل کریں۔ (ملاحظہ ہو سبق 6)

4 مندرجہ ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب 100/150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) حسابی معلومات (Accounting Information) کا استعمال کرنے والی چار پارٹیوں کا نام بتائیے۔

(b) دین داریوں (liabilities) کو درجہ بند کیسے کیا جاتا ہے؟ ہر ایک کا ایک ایک آئٹم بیان کیجیے۔

5 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100/150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) دین دار (Debtors) کیا ہوتے ہیں؟ ایک مثال کے ذریعہ سمجھائیے۔

(b) لاگت (Expense) اور مصارف (Expenditure) میں کیا فرق ہے؟ ایک مثال دے کر سمجھائیے۔

6 ذیل میں دو پروجیکٹ دیے گئے ہیں۔ کسی ایک پر تقریباً 500 الفاظ کا پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) فن کھاتہ داری (Accounting) کی مختلف شاخوں کو بیان کیجیے۔

(b) مندرجہ ذیل لین دین سے ڈیبٹ واؤچر (Debit Vouchers) تیار کیجیے۔

جولائی 1	نقد خریدا گیا سامان	3,00,000
جولائی 8	راجیش کو نقد رقم کی ادائیگی	2,00,000
جولائی 13	دفتری اخراجات کی ادائیگی	30,000

(ملاحظہ ہو سبق 5)

پینٹنگ

PAINTING

(225)

ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل نمبر 20

نوٹ: (i) تمام سوالات لازمی ہیں، ہر ایک سوال کے سامنے اس کے نمبر درج کر دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحہ پر اوپر کی جانب اپنا نام، اندراج نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون کا نام تحریر کریں۔

1- مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 60-40 الفاظ میں دیجیے۔ (2)

(a) آپ کی پریکٹیکل گائڈ لائن بک کے صفحہ 10 پر شکل نمبر 29 میں جس ارضی منظر (Landscape) کو دکھایا گیا ہے اس کی نقل 1/4 امپیریل سائز کے کارٹج پیپر پر تیار کیجیے۔ ارضی پس منظر کو واٹر پروف مارکر پین سے بنائیں اس میں پوسٹر کلر یا آئل پیسٹلس سے رنگ بھریے۔ (ملاحظہ ہو پریکٹیکل گائڈ لائن سبق۔1)

(b) روشنی و سایہ یعنی لائٹ و شیڈ (Light & Shade) کے ذریعہ کم از کم تین اشکال بنائیں۔ ایک دائرہ، ایک مربع اور ایک مثلث۔ (ملاحظہ ہو پریکٹیکل گائڈ لائن سبق۔1)

2- مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب 60-40 الفاظ میں دیجیے۔ (2)

(a) علم تناظر کا استعمال کرتے ہوئے کسی گلی میں نصب دس لیمپ پوسٹوں کی ایک صف (Row) کی منظر کشی کیجیے۔ اپنی ڈرائنگ میں افقی خط کھینچنا اور معدومی نقطہ (Vanishing) کو دکھانا نہ بھولیں اور پھولدار ڈیزائن کے ساتھ ساتھ انسانی اور حیوانی تصاویر کے موٹف (Motifs) بھی اجاگر کیجیے۔ (ملاحظہ ہو پریکٹیکل گائڈ لائن سبق۔2)

(b) پردہ کے لیے ایک سہ رنگی (تین رنگوں والا) ڈیزائن تیار کریں۔ اس ڈیزائن میں دو موٹیو (Motives) کی تکرار (Repetiion) سے کام لیجیے۔

3- مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 60-40 الفاظ میں دیجیے۔

(a) اپنے باورچی خانہ میں تشریف لے جائیں اور وہاں موجود برتنوں اور اوزاروں کو غور سے دیکھیے۔ ان اوزاروں اور برتنوں میں سے دو کا انتخاب کر کے ان اشیاء کا کمپوزیشن (Composition) تیار کیجیے۔

(b) پسا چاول لے کر اس میں پانی ملالیں اور پھر اسے چٹکی میں لیں۔ فرش پر ڈیزائن بنانے کے لیے اس کے بہاؤ پر کنٹرول کریں، آپ رنگولی اور کولم جیسی فرش پر کی جانے والی روایتی پینٹنگ کے طرز سے ترغیب لے سکتے ہیں۔ آپ نے اس ڈیزائن میں جس شکل کا استعمال کیا ہے اس کے بارے میں لکھیے۔ اس ڈیزائن کا فوٹو گراف لیجیے اور اسے اپنی اسکریپ بک میں لگائیے۔

4- مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 تا 150 الفاظ میں لکھیے۔

(a) لیونارڈو دی ونچی کی مشہور پینٹنگ 'مونالیسا' کا ایک پرنٹ حاصل کیجیے 1/2 امپیریل سائز کا کارٹرج کاغذ لیجیے۔ اس پر 'مونالیسا' کے چہرے کی نقل تیار کیجیے لیکن چہرے کے نیچے دھڑ علیحدہ بنائیے۔ دھڑ کو جدید لباس سے آراستہ کیجیے اور ''مونالیسا'' کی مشہور پینٹنگ کو ایک نئی شکل دیجیے۔ اس پینٹنگ کو پوسٹر کلر سے سجائیے۔

(b) مائکل انجیلو کے ذریعے روم میں واقع سسٹائن گرجا گھر کی چھت میں گیلے پلاسٹر پر بنائی گئی وال پینٹنگ میں سے مشہور پینٹنگ ''برتھ آف ایڈم'' کی نقل کتب خانہ یا میوزیم سے حاصل کیجیے۔ اس مشہور پینٹنگ کی فارمیٹ کا اتباع کیجیے اور اس پینٹنگ میں بھگوان کے ہاتھ کی ساخت کو اخذ کیجیے۔ اس کام کی تعریف میں چند جملے لکھیے۔ (سبق نمبر 5 دیکھیے)

5- درجہ ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا 100 تا 150 الفاظ میں جواب دیجیے۔ 4

(a) آپ کی پریکٹکل ایک (صفحہ 13) میں آبی رنگ پینٹنگ کی مختلف سطح تصویروں کے ذریعہ سے سمجھائی گئی ہیں۔ کچھ اصل پھول جمع کریں اور انہیں ایک گل دان میں ڈالیں۔ پھولوں پر مشتمل گلدان کو بنانے اور رنگ بھرنے کی مختلف سطح آبی رنگ تکنیک کے مطابق دکھائیں۔ ان سطحوں کو اپنے پورٹ فولیو میں دیں۔ آبی رنگ اور پوسٹر کلر تکنیک کے درمیان فرق بھی لکھیں۔ (پریکٹکل سبق۔2)

(b) ایک مربع ڈبہ، ایک گول گیند اور ایک بیلن کی شکل کی شے جمع کریں۔ جو تقریباً ایک پیمائش کے ہوں۔ ان شکلوں کا مطالعہ کر کے رنگ الگ کاغذ پر پنسل سے بنائیں۔ اب ان جیومترائی شکلوں کو A-4 سائز کاغذ پر باہم ڈھکتے ہوئے مرتب کریں۔ یہ کعبی فن کا بنیادی طریقہ ہے۔ اس طرح، آپ نے ان شکلوں کے ساتھ کعبیت کا فن تخلیق کیا ہے۔ (سبق۔7 دیکھیں)

6- درجہ ذیل دیے گیے پانچ پروجیکٹوں کی فہرست میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔

(a) گرافک یا پرنٹ ایک بہت رائج قسم ہے۔ گرافک بنانے کی مختلف تکنیکوں کا نام لکھیں۔ پروفیشنل پرنٹ بنانے کے زیادہ تر اسلوب میں اوزار اور سامان کی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ اپنا گرافک ایک کم خرچ تکنیک میں بھی بنا سکتے ہیں۔ ایک اچھی سائز کا آلو لیں۔ اسے افقی طور پر آدھا کاٹ لیں۔ اب ایک چھوٹا چاقو لے کر اس کی سپاٹ سطح پر نہ چھپنے والے حصوں کو ہٹاتے ہوئے ایک خاکہ بنائیں۔ روٹی کا ایک ٹکڑا لیں، اسے رنگ یا سیاہی میں ڈبویں اور رنگین روٹی کو سپاٹ ابھاری ہوئی سطح پر ملیں اور بڑی سائز کی تصویر بنانے کے لیے آپ سے ایک سے زیادہ آلو کا مختلف رنگوں کا استعمال کر سکتے ہیں۔ (پریکٹکل سبق۔4 دیکھیں)

(b) قریب سے لائبیریری میں جائیں اور ماڈرن آرٹ پر کوئی کتاب ڈھونڈیں۔ آپ کو کانڈنسکی، مائڈرین، جیکنسن پورلوک، میل وچ اور دیگر مشہور کسی تصویر کے تجریدی تصور پر غور کریں۔ امپیریل سائز کا کاغذ لے کر اس پر رنگوں اور خطوط کا استعمال کریں اور تصویر کے توازن، خوش آہنگی، ہم آہنگی اور ٹیکسچر کا خیال رکھیں۔ جب تصویر پوری ہو جائے تب تصویر کا تجزیہ کر کے اس پر اپنے خیالات 50 لفظوں میں بیان کریں۔ (پریکٹکل سبق۔4 دیکھیں)

ڈاٹا اینٹری آپریشن

DATA ENTRY OPERATION

(229)

ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل نمبر:20

نوٹ: (i) سبھی سوالات کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحہ پر اوپر کی جانب اپنا نام، رول نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

-1 مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) رام ایک فوٹو گرافر ہے اور وہ اپنے فوٹو گرافی کے کام کے لیے ایک کمپیوٹر سسٹم تیار کرنا چاہتا ہے۔ اسے اپنے کمپیوٹر پر فوٹو گراف اور ویڈیو فائلیں اسٹور کرنی ہیں۔ اس کے علاوہ اسے ایڈیٹنگ، اسکیننگ اور پرنٹنگ سے متعلق بہت زیادہ کام کرنا پڑتا ہے۔ اس مقصد کے لیے اسے ایک کمپیوٹر کنفگریشن تجویز کیجیے۔ (سبق۔2,1 دیکھیے)

(b) آلوک نے جب اپنے آپریٹنگ سسٹم (ونڈوز) کا موازنہ اپنے دوست کے آپریٹنگ سسٹم سے کیا تو یہ پایا کہ اس کا سسٹم اپڈیٹ نہیں ہے۔ وہ اپنے آپریٹنگ سسٹم میں دو ونڈوز اپڈیٹس‘‘(Windows Updates) سے کچھ نئے فیچر شامل کرنا چاہتا ہے۔ اس کام کو کرنے کے لیے اسے کون کون سے اقدامات کرنے ہیں؟ تحریر کیجیے۔ (سبق۔2 دیکھیے)

-2 درجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) الکا نے اپنے اسکول کے لیے ایم ایس ورڈ میں ایک مینول تیار کیا ہے۔ وہ اس مینول کے فوٹر میں تاریخ کو اپڈیٹ کرنا چاہتی ہے۔ اور ساتھ ہی صفحہ نمبر (Pagenumbers) بھی داخل کرنا چاہتی ہے۔ اس کام کو انجام دینے کے لیے اقدامات تحریر کیجیے۔

(b) سوہم نے میل مرج (Mail Merge) کرنے کے لیے ضروری اقدامات کی ایک فہرست تیار کی ہے۔ لیکن فہرست تیار کرتے وقت اس سے کئی غلطیاں سرزد ہوگئیں۔ درج ذیل جملوں میں اغلاط کی نشاندہی کرکے ان کی تصحیح کیجیے۔

(i) ڈیٹا سورس میں خط کا متن شامل ہوتا ہے۔

(ii) مرج دستاویز کے ہر ایک ورژن کے لیے متن اور گرافکس پر مشتمل اصل دستاویز مختلف ہوتی ہے۔

-3 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) گوری ایک ورک شیٹ تیار کر رہی ہے جس میں اس کی چار دوستوں کی تفصیلات موجود ہیں۔ وہ اپنے ہر ایک دوست کے لیے ایک علیحدہ کالم بناتی ہے۔ اور اس کالم کے سیل (Cell) میں اپنی اس دوست کی تفصیلات لکھتی ہے۔ اس کے بعد وہ Autofit اور Wrap Text فیچر کا استعمال کرتی ہے۔ Autofit کالموں کے لیے اقدامات تحریر کیجے۔
(سبق۔7 دیکھیے)

(b) ایکسل ورک شیٹ پر کسی کلاس کا ٹائم ٹیبل بنائیے۔ (سبق۔7 دیکھیے)

-1 پیریڈ اور دنوں کے نام کے لیے بارڈر (Border) شامل کیجیے۔

-2 سنیچر اور اتوار کے دنوں کو علیحدہ علیحدہ رنگوں سے بھریے۔

	A	B	C	D	E	F	G	H	I	J
1	Time Table of Class XI									
2	Days	I	II	III	IV	Break	V	VI	VII	VIII
3	Monday									
4	Tueday									
5	Wednesday									
6	Thursday									
7	Friday									
8	Saturday									
9	Sunday									

-4 درج ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 تا 150 الفاظ میں لکھیے۔ 4

(a) مکتی ایک اسکول میں کمپیوٹر ٹیچر ہے۔ وہ اپنے طلبا سے کمپیوٹر لیب میں مندرجہ ذیل کاموں کو انجام دینے کے لیے کہتی ہے۔
(سبق۔3,2 دیکھیے)

(i) ایک فولڈر بنا کر اس کا نام "My - Folder" رکھنا۔

(ii) ایم ایس ورڈ میں "Test - Docx" نام سے ایک فائل کی تشکیل کرنا اور اسے "My-Folder" میں محفوظ کرنا

(iii) "My - Folder" میں "Test - Docx" کی ایک نقل تیار کرنا۔

(iv) فولڈر "My - Folder" کا نام تبدیل کر کے اپنی پسند کا کوئی بھی نام رکھنا۔

مذکورہ بالا کاموں کو انجام دینے کے لیے ضروری اقدامات تحریر کیجیے۔

(b) راج ایک بینک مین ملازم ہے۔ وہ اپنا تبادلہ دہلی سے پٹنہ میں اپنے آبائی وطن کی شاخ میں کرانا چاہتا ہے۔ دہلی کی شاخ کے افسر نے اس سے ایک رسمی درخواست لکھنے اور اس کی نقل بالترتیب ہیڈ کوارٹرس، دہلی برانچ، پٹنہ برانچ اور انتظامیہ کے دفتر میں بھیجنے کو کہا۔ راج کو اس کام کے لیے کس فیچر کا استعمال کرنا چاہیے۔ لفافوں کی تشکیل اور انھیں پرنٹ کرنے کے لیے ضروری اقدامات تحریر کیجے۔ لفافوں پر راج کا اپنا پتہ بھی موجود ہونا چاہیے۔ (سبق۔5,4 دیکھیے)

-5 درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) آل انڈیا اسکول ایجوکیشن سروے 2013 کے مطابق ناگالینڈ ریاست میں 1367 سرکاری اسکول، 16 لوکل باڈی اسکول، 9 پرائیویٹ امداد یافتہ اسکول اور 96 پرائیویٹ غیر امداد یافتہ اسکول تھے اس معلومات کو ایک ایکسل ورک شیٹ میں داخل کیجیے اور اس ڈاٹا کو ظاہر کرنے کے لیے ایک پائی چارٹ (Pie Chart) بھی بنائیے۔ (سبق۔8 دیکھیے)

(b) اتکرش نے ہندوستان کی ریاستوں اور ان کی راجدھانیوں کے بارے میں کوئز پروگرام کا انعقاد کرنے کے لیے ایک پاور پوائنٹ پیش کش تیار کی ہے۔ اس کی ان سبھی سلائڈوں میں متبادل جواب والے سوالات ہیں اور یہ متن کی شکل میں ہیں۔ اب وہ اپنی اس پیش کش میں کچھ اصلاحات کرنا چاہتا ہے۔ اتکرش کی مدد کرنے کے مقصد سے مندرجہ ذیل کاموں کے لیے اقدامات تحریر کیجیے۔ (سبق۔9 دیکھیے)

-1 کچھ سلائڈوں میں ریاستوں کے نقشے شامل کرنا۔

-2 کچھ سلائڈوں میں سوال کے ساتھ وقت متعین کرنا تاکہ سوال ایک محدود وقفہ کے لیے ہی نظر آئے۔

-3 سلائڈ شو کے دوران سلائڈ اینیمیشن (Animation) کے ساتھ ظاہر ہونی چاہیے۔

-4 ہر ایک سلائڈ کے نیچے موجودہ تاریخ نظر آنی چاہیے۔

-6 درج ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) کسی اسکول کے شعبہ کھیل کود نے کھیل کود سے متعلق ڈاٹا کو اسٹور کرنے اور اس کا تجزیہ کرنے کے لیے ایک ورک شیٹ تیار کی ہے جسے ذیل میں دیا گیا ہے۔ (سبق۔8,7,6 دیکھیے)

Sports Department

(Progressive Minds School)

S.No.	Teach	Coach	Matches Played	Matches Won	Highest Level	%age of Matches Won	Remarks
1	Basket Ball (J)	Neelam	10	8	State	80.00	
2	Basket Ball (S)	Indrash	15	10	State	66.67	
3	Volley Ball (J)	Archita	12	9	State	75.00	
4	Volley Ball (S)	M. Pal	18	15	National	83.33	
5	Cricket (J)	Narendra	10	7	Zonal	70.00	





کسی دوسرے اسکول کے لیے اسی قسم کی ایک اور ورک شیٹ چارٹ کے ساتھ بنائیے۔

(b) اپنے علاقے سے متعلق کچھ معلومات جمع کیجیے مثلاً گھروں کی تعداد، پولیس اسٹیشن کا نام، ڈاک گھر (پوسٹ آفس)، آرڈبلیواے (RWA) وغیرہ۔ اس معلومات پر مشتمل کم از کم دو صفحات کا دستاویز تیار کیجیے۔ دستاویز میں کم از کم 4 متعلقہ تصاویر بھی شامل کیجیے۔ (سبق۔4,3 دیکھیے)